SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Saturday December 24, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qur'an)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ
وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى
رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ
اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى
بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾

(الشوریٰ ۳۶ تا ۳۸)

ترجمہ : لوگو جو مال ومتاع تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا ناپائیدار فائدہ
ہے اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے یعنی ان لوگوں
کے لیے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں اور جو بڑے
بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب غصہ

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Saturday December 24, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qur'an)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ
وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى
رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ
اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى
بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾

(الشوریٰ ۳۶ تا ۳۸)

ترجمہ: لوگو جو مال ومتاع تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا ناپائیدار فائدہ ہے اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے یعنی ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب غصہ

آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں اور جو اپنے پروردگار کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

OATH-TAKING

جناب قائم مقام چیئرمین: بسم اللہ الرحمان الرحیم: اس سے پہلے کہ سینیٹ کی باقاعدہ کارروائی شروع کی جائے، ہمارے ایک نئے معزز رکن سید افتخار حسین گیلانی جو کہ صوبہ سرحد سے منتخب ہو کر آئے ہیں ان سے پہلے حلف لے لیں گے اور اس کے بعد باقاعدہ کارروائی شروع کی جائے گی۔

(سید افتخار حسین گیلانی صاحب نے حلف اٹھایا

اور رول آف ممبر پر دستخط کئے)

جنرل (ریٹائرڈ) جمال سید میاں: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، جمال سید میاں۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جمال سید میاں: جناب والا! سب لوگوں کے "بند" کھل گئے ہیں جن سینیٹ کے معزز اراکین نے سینیٹ کی سیٹیں، اوپر جانے کی وجہ سے، اللہ کو پیارے ہونے کی وجہ سے ایم این اے منتخب ہونے کی وجہ سے یا وفات پا جانے کی وجہ سے خالی کی ہیں، ان کی جگہ نئے اراکین کے انتخابات ہو گئے ہیں، اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارا یہ بند کب کھلے گا۔ فاٹا سے سینیٹ کی ایک سیٹ پورے ایک سال سے خالی ہے اس پر کب الیکشن ہوں گے، اس کا کب آپ فیصلہ کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ تشریف رکھئے، یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا مگر آپ کے اس پوائنٹ کی طرف الیکشن کمشن کی توجہ ضرور دلائی جائے گی اور جتنا جلدی ممکن ہو گا اس سیٹ پر بھی الیکشن کرا دیا جائے گا۔

اب ہم باقاعدہ چیئرمین سینیٹ کے الیکشن کی کارروائی شروع کرتے ہیں اور ممبران سے گزارش ہے کہ جیسے جیسے سیکرٹری سینیٹ ان کے نام پکاریں گے، وہ یہاں

تشریف لا کر اپنے بیلٹ پیپر وصول کر کے ووٹ جس صاحب کو دینا چاہتے ہیں، دیں۔
اس سلسلے میں ممبران کو اچھی طرح معلوم بھی ہے کہ جناب وسیم سجاد صاحب اور جناب
محمد طارق چوہدری صاحب چیئرمین شپ کے لئے الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ میں
سمجھتا ہوں کہ اعلان سے پہلے ہی آپ کو بخوبی واقفیت ہو گی۔ اب آپ سے گزارش یہی
ہے کہ یہاں آ کر اپنے اپنے ناموں کی ترتیب سے بیلٹ پیپر وصول کر کے جن حضرات
کے حق میں ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں، ڈالیں۔ اب الیکشن کی باقاعدہ کارروائی
شروع کرتے ہیں۔

سیکریٹری صاحب سے گزارش ہے کہ وہ اس سلسلے میں پروسیجر کا اعلان کریں۔

Mr. Aziz Ahmad Qureshi, (Secretary): I may inform the House that we had received 16 nomination papers. Two nomination papers were for Mr. Muhammad Tariq Chaudhary. He was nominated by Mr. Javed Jabbar. One of the nomination papers was not found in order and therefore, it was rejected because the name mentioned therein was defective, the other nomination paper was accepted. There were 14 nomination papers in favour of Mr. Wasim Sajjad and following members had nominated him :—

1. Mr. Hussain Bakhsh Bangulzai
2. Dr. Noor Jehan Panezai
3. Mir Nabi Bakhsh Domki
4. Syed Muhammad Fazal Agha
5. Mr. Hasan A. Sheikh
6. Mr. Sartaj Aziz
7. Syed Mazhar Ali
8. Mr. Muhammad Ali Khan
9. Syed Faseih Iqbal
10. Malik Muhammad Hayat
11. Sahibzada Ilyas
12. Dr. Mahbubul Haq
13. Professor Khurshid Ahmed
14. Mr. Ahmed Mian Soomro

All the nomination papers filed for Mr. Wasim Sajjad were

found in order. So, there are two candidates now i.e., Mr. Wasim Sajjad and Muhammad Tariq Chaudhary.

Now, each member will come to the dais when his name is called. He will take the ballot paper, then he will take it to the screened place. He will tick mark against the name of the candidate in whose favour he wants to cast his vote and then fold the Ballot Paper and will put it in the box which is in front of you. We are calling each member's name in alphabetical order in Urdu. Any member who will come to me I will instruct him that how to tick mark it. . .

جناب قائم مقام چیئرمین : جی میر یوسف علی مگسی صاحب آپ کچھ فرما رہے تھے

میر یوسف علی مگسی : جناب والا ! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ویسے تو میرا نام ترتیب کے لحاظ سے دو گھنٹے بعد آئے گا لیکن مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے اس لئے مجھے اگر پہلے ووٹ ڈالنے کی اجازت دے دی جائے تو مہربانی ہوگی ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ٹھیک ہے ۔

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: There are some other members who have requested that they should be allowed to cast their vote out of turn. If you allow, we can ask them to come and cast their votes.

(Pause)

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: Kindly see the ballot box. It is open and is being sealed in your presence.

جناب قائم مقام چیئرمین : مگسی صاحب کو پہلے بلائیں ۔

جناب عزیز احمد قریشی : جناب میر یوسف علی مگسی صاحب

جناب مردان شاہ پیر پگاڑا

جناب بیرسٹر ظہور الحق صاحب

جناب احمد میاں سومرو صاحب

جناب اختر نواز صاحب

جناب ارباب نور محمد صاحب

جناب سید اصغر علی شاہ صاحب

جناب اعجاز علی خان جتوئی صاحب

جناب سید افتخار علی بخاری

جناب افضل خان میر صاحب

جناب صاحبزادہ الیاس صاحب

جناب امیر حیدر قریشی صاحب

He is sick and we have received a telegram from him.

جناب امیر عبداللہ خان روکڑی

ڈاکٹر بشارت الٰہی

اخونزادہ بہرہ ور سعید

جناب جام کرم علی ، جناب جاوید جبار ، جناب جمال سید میاں نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی ، جناب حسن اے شیخ ، قاضی حسین احمد ، میر حسین بخش بنگلزئی ، حاجی حبیب اللہ خان ، جناب مخدوم حمید الدین ، مہر خدا داد خان لک ، پروفیسر خورشید احمد ، جناب خیال سید میاں ، سید ذوالفقار علی شاہ جاموٹ ، چوہدری رحم داد خان حاجی میر رسول بخش لہڑی ، جناب سرتاج عزیز ، حاجی سعد اللہ خان ، لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سید قادر ، صاحبزادہ سلطان عبدالمجید ، جناب سلطان علی لاکھانی جناب سلیم سیف اللہ خان ، مولانا سمیع الحق (موجود نہیں تھے) خان سہراب خان۔ جناب شاد محمد خان ، جناب عالم علی لالیکا ، جناب شفقت حسین شاہ ، صوبیدار خان ، سید عباس شاہ ، جناب عبدالحمید بلوچ ، جناب عبدالرحمٰن جمالی ، قاضی عبداللطیف ، بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم ملک عبدالقیوم خان ، جناب عبدالمجید قاضی ، ملک عبدالواحد ، جناب علی محمد شیخ ، میر غلام حیدر تالپور جناب غلام فاروق خان ، جناب فرید اللہ خان ، سید فصیح اقبال ، جناب افتخار علی بخاری ، جناب علی جتوئی ،

جناب گلاب خان، ڈاکٹر محبوب الحق، جناب محمد ابراہیم حاجی، جناب محمد ابراہیم بلوچ، جناب محمد اسحٰق بلوچ حضرت خواجہ محمد حمید الدین، جناب ملک محمد حیات، جناب محمد رضا خان، جناب محمد سعید قریشی الحاج پیر سید محمد شاہ جیلانی، جناب محمد طارق چوہدری، جناب محمد علی خان، جناب ملک محمد علی خان جناب سید محمد فضل آغا ۔ جناب محمد محسن صدیقی، جناب محمد مختار احمد خان، جناب محمد ہاشم خان، جناب محمد ہاشم خان لونی، سردار محمد یوسف خان ساسولی، جناب محمود احمد منٹو، جناب سید مظہر علی، جناب ایم منیر آفریدی، جناب میر نبی بخش ڈہکی جناب میر نبی بخش زہری (غیر حاضر)۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی

جناب وسیم سجاد، میر ہزار خان بجارانی

صاحبزادہ یعقوب خان سید افتخار حسین گیلانی

مولانا سمیع الحق

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: I will now repeat the name of those members who were earlier called and were not present :

1. Sardar Muhammad Yousaf Sasoli
2. Mir Nabi Bakhsh Zehri

As I informed you earlier Amir Haider Qureshi is not present because he is sick and we have received a telegram from him.

Now we have called out all the names of the members and all the members who were present have cast their votes. We now close the polling.

سید عباس شاہ: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! پنجاب سے ہمارے ایک ممبر جو آج الیکٹ ہوئے ہیں، ان سے آج حلف نہیں لیا گیا، جب کہ رولنگ پارٹی کے صوبہ سرحد سے نو منتخب رکن سے آج حلف لے لیا گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: چونکہ الیکشن کمشن نے ابھی تک ان کی نوٹیفکیشن نہیں کی ہے اس لئے میں نہیں سمجھتا کہ یہ رولنگ پارٹی یا اپوزیشن پارٹی کا کوئی سوال ہے۔ سینیٹ کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس لئے یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، تشریف رکھیے۔

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: If any member has been left out and he has not cast his vote, please come to the dais and cast his vote.

(Pause)

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: Now we are closing the polling and start counting. If any member on behalf of the candidates wants to come to the dais and see the counting, he is welcome.

(Then the counting was made)

Mr. Acting Chairman: For the information of the honourable members, the votes which have been cast are as under :

Total votes polled :	81
Invalid votes :	3
Votes in favour of Mr. Muhammad Tariq Chaudhary	25
Votes in favour of Mr. Wasim Sajjad :	53

Consequent upon the election result, Mr. Wasim Sajjad is declared as Chairman for the Senate of Pakistan. I will now request him to take the Chair.

Mr. Aziz Ahmad Qureshi: Mr. Wasim Sajjad is requested to take oath of his office.

[Then the Acting Chairman administered oath to the newly elected Chairman, Mr. Wasim Sajjad].

[The Acting Chairman then vacated the Chair which was occupied by the Chairman, Mr. Wasim Sajjad].

FELICITATIONS

Mr. Chairman: Honourable Members of the Senate, I am extremely grateful to you all for the trust and confidence which you have reposed in me by electing me to this august office of the Chairman, Senate of Pakistan. I am conscious of the fact that this office entails high and heavy responsibilities. I will in the discharge of my functions try and carry out the expectations that you have from me. I am also conscious of the fact that I am occupying this Chair after a very eminent Chairman, Mr. Ghulam Ishaq Khan who is now the President of Pakistan. He has left behind high and glorious traditions which I will try to uphold. I would like to assure the honourable members that although I belong to a political party, but inside the House I will maintain balance and equality and there will be no discrimination between one section of the House and the other. In the discharge of my functions I will need your cooperation and your support. I will be looking for that cooperation and I hope you will give me all the support that I will need for the discharge of my functions.

Once again I would like to thank you. I do not have the words to thank you for the great honour and the trust that you have reposed in me and for whatever honour that you have done to me this evening.

Thank you very much.

Mr. Muhammad Ali Khan.

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman, Sir, I am extremely grateful to you for having afforded me this opportunity of congratulating you on your assumption of this very high office.

Sir, a very big vacuum had been created with the elevation of our previous Chairman to the highest office in this country who today very aptly adorns that very high office. Sir, believe me, it was not all that easy to find a more suitable persons for this office especially when our previous talented Chairman had occupied this Chair. It was with the greatest difficulty that we were able by the grace of God Almighty to find a suitable person for this Chair which was once occupied by our most talented and most impartial President of Pakistan. We looked all around to find a suitable person and today without any fear of contradiction I can say that by the

[Mr. Muhammad Ali Khan]

grace of God Almighty we have been able to find the most appropriate person for this Chair.

Sir, God Almighty has given you great qualities of head and heart and I am sure that you will be able, *Inshaallah*, to use all these God gifted qualities for the smooth running of this august House. Sir, I assure you of our utmost cooperation and support and we all expect that you will not only guide us but also protect the rights and privileges of the members of this august House, especially these days when dark clouds of uncertainty are hanging all around us.

At the end I would just say this :

کوئی تو بام پہ پھر جلوہ گر ہوا تو سہی
شگفتہ گل کا کوئی سلسلہ چلا تو سہی

I thank you very much.

Mr. Chairman: Mr. Muhammad Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کو اس شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اس پارٹی کو بھی جس نے اپنے ڈسپلن کو برقرار رکھا۔ میں امید کرتا ہوں کہ سیاست میں ڈسپلن کی روایت مستحکم ہوتی چلی جائے گی۔ میں آپ کو اپنی طرف سے تعاون کی یقین دہانی کراتا ہوں ۔ جناب غلام اسحاق صاحب نے اس ایوان کے لئے جو بہت بلند اور بہترین روایات چھوڑی ہیں مجھے توقع ہے اس غیر جذباتی طرز عمل کے تسلسل کو برقرار رکھنے میں آپ کامیاب رہیں گے ۔ اور انشاء اللہ یہ ایوان آپ کے ساتھ غیر جانب داری اور صحیح طریقے سے اس ایوان کو چلانے میں مکمل تعاون کرے گا۔ اور ہم آپ سے یقیناً اچھی توقعات وابستہ کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمن الرحیم :۔ جناب چیئرمین ! میں بھی سب سے پہلے اس موقع پر دل کی گہرائیوں سے آپ کو اس کامیابی پر مبارک باد دیتا ہوں اور

اللہ تعالےٰ سے دعا کرتا ہوں کہ یہ اعزاز اپنے ساتھ جن ذمہ داریوں کو اٹھائے ہوئے ہے۔ اللہ تعالےٰ آپ کو ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی توفیق دے۔ آپکو یاد ہوگا جب ہمارے محترم بھائی جناب غلام اسحاق خان صاحب اس اہم عہدے کے لئے منتخب ہوئے تو میں نے اس وقت اُن سے یہ کہا تھا کہ رسمی اور روایتی مبارکباد تو انتخاب پر اس وقت ہم سب آپ کو دے رہے ہیں لیکن خدا کرے کہ وہ دن آئے جب آپ اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوں۔ اس عہدے سے فارغ ہوں اور اس وقت ہم آپ کو اس امر کی مبارکباد دیں کہ آپ نے اس عہدے کا حق ادا کر دیا ہے۔ آج میں سب سے پہلے محترم غلام اسحاق خان صاحب کو اس بات کی مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے سینیٹ کے چیئرمین کے عہدے کا حق ادا کیا۔ ہمیں اُن سے اختلاف بھی رہا لیکن ان کی عزت اور احترام جو ہمارے دلوں میں ہے۔ ان کی کارکردگی کی وجہ سے اس میں اضافہ ہوا، کمی نہیں ہوئی اور یہ ایک بہت بڑی چیز ہے جو کوئی انسان حاصل کر سکتا ہے۔ پھر جناب والا! میں آپ کو اس وقت یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ابھی جو عہد آپ نے اللہ اور اللہ کے بندوں سے کیا ہے۔ اس عہد کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ہمیشہ اس بات کو یاد رکھیں کہ یہ ملک اسلام اور صرف اسلام کی بنیادوں پر قائم ہے اور اسی بنیاد پر یہ باقی رہ سکتا ہے اور ترقی کر سکتا ہے۔ اس لئے آپ کی اور ہم سب کی سب سے پہلی وفاداری اللہ، اللہ کی ہدایت، اللہ کے دیئے ہوئے دین اور نظام سے ہے۔ اور ہم توقع رکھیں گے کہ آپ اس عہد کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس عہدے سے متعلق جو دوسری بات آپ نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ آپ اس ملک کے دستور کے پابند رہیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے اس ملک میں دستور بنائے بھی ہیں اور بگاڑے بھی ہیں۔ لیکن آج تک ہم احترام دستور کی روایت قائم نہیں کر سکے۔ لیکن آپ، خود ایک ماہر قانون دان ہیں اور ہم نے آپکی performance اس ایوان میں دیکھی ہے اور دونوں حیثیتوں سے دیکھی ہے۔ جب آپ ایک آزاد رکن کی حیثیت سے حزب اختلاف میں ہمارے ساتھ بیٹھتے تھے اور اس وقت بھی جب آپ حکومت میں

[Prof. Khurshid Ahmed]

شریک ہو کر وزیر کی حیثیت سے یہاں کام کرتے تھے۔ آپ نے اپنی لیاقت سے ہمارے دلوں کو موہ لیا ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ آپ نے جو دوسرا عہد کیا ہے آج، یعنی دستور کا احترام، اس کی پابندی اور دستوری روایات کو اس ملک میں پروان چڑھانا اور مستحکم کرنا۔ اگر ہم یہ چیز حاصل کر لیتے ہیں تو حقیقت یہ ہے کہ آنے والی نسلیں ہمارا ذکر اچھے الفاظ میں کریں گی، ورنہ تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی۔ تیسری بات جس کا آپ نے عہد کیا ہے، وہ پاکستان کی خوشحالی ہے۔ پاکستان کے عوام کی خدمت ہے۔ یہ تین بنیادی عہد ہیں جو آج آپ نے کئے ہیں اور میں اس موقع پر پورے خلوص، پوری دردمندی کے ساتھ آپ کے ایک بھائی کی حیثیت سے آپ کو یہ عہد یاد بھی دلاتا ہوں اور اس بات کی دعا بھی کرتا ہوں کہ آپ اور ہم سب مل کر ان عہدوں کو نبھائیں۔

آخر میں، میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس وقت سینیٹ تاریخ میں ایک بڑے ہی نازک دور اور نازک حالات میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ پاکستان میں ۱۷ اگست کے واقعہ کے بعد سینیٹ ہی وہ ادارہ تھا اور سینیٹ کا چیئرمین ہی وہ شخص تھا جس کی وجہ سے جس کی کوششوں سے الحمد للہ ملک دستوریت، جمہوریت کے راستے پر آیا۔ آئندہ صورت حال یہ بن رہی ہے کہ سینیٹ میں جس پارٹی کو اکثریت حاصل ہے وہ، وہ پارٹی نہیں ہے جسے نیشنل اسمبلی میں اکثریت حاصل ہے۔ لیکن پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اس کے دو پہیوں کی طرح ہیں، ہمیں اس بات کی پوری کوشش کرنی ہے کہ ایک طرف اپنے نظریئے، اپنے منشور اور اپنے مقاصد سے وفادار رہیں اور دوسری طرف ہم یہ بھی دیکھیں کہ اس ملک کی گاڑی آگے بڑھے، اور جمہوریت کی راہ جو ہے وہ کھوٹی نہ ہونے پائے۔ اس حیثیت سے آپ کی ذمہ داری اور سینیٹ کی ذمہ داری بڑی نازک ہے اور میں توقع رکھتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ نے جو صلاحیتیں آپ کو دی ہیں۔ اور آپ اپنا تمام کام اس ایوان کو اعتماد میں لے کر مشورے کے ساتھ، محبت کے ساتھ قانونی روایات کا احترام کرتے ہوئے انجام دیں گے اور انشاء اللہ سینیٹ ایک مثبت کردار ادا کرے گی۔ کسی غلط قانون کو پاس نہیں ہونے دے گی۔ اچھی قانون سازی میں معاونت کرے گی

اور اس طرح دستوریت اور قانونیت کی نئی روایات قائم ہوں گی اور وہ قدم جو اسلام کی طرف اور جمہوریت کی طرف بڑھے گا۔ ہم اس میں ساتھ دیں گے اور ہر وہ قدم جو اس سے انحراف کا راستہ اختیار کرے گا اسے ہم روکیں گے، یہ وہ راستہ ہے جو سینیٹ کو اختیار کرنا ہے اور اس وقت سینیٹ کی قیادت آپ کے سپرد ہے میری دعا ہے کہ اس نازک دور میں آپ ان ذمہ داریوں کو پورا کر سکیں۔ انشاء اللہ ہم آپ سے پوری پوری معاونت کریں گے اور توقع رکھتے ہیں کہ آپ پورے ایوان کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب! مسٹر احمد میاں سومرو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Mr. Ahmedmian Soomro:

Mr. Chairman Sir, I heartily congratulate you on your election to this highest parliamentary office — Chairmanship of the Upper House. You have one difficulty namely that you are suceeding a personality like the ex-Chairman Ghulam Ishaq Khan who has performed the functions of this chairmanship in such a manner that we can hardly find examples in this history. Sir, you have been elected and the House has reposed confidence in you. The House expects you to maintain the dignity of this House. The House expects you to safeguard the rights and privileges of each member of this House irrespective of which party he belongs or what is his position. I would here point out that you have had the experience, when you entered this House you were on the last bench, from there you got promoted to the first bench, from there you went to the right wing as a right winger and from there you have been elevated to the number one position. So, you have had all the experiences and I hope and am confident that those experiences would guide you to maintain the dignity of this House and see that the House does what the House can be proud of. Here I would point out one thing. You had while thanking the Senate mentioned that you belong to a party, I would very respectfully point out Sir, that after being elevated to the position of the Chairman of this House you should feel that you are a non party man. You are supposed to feel that everyone in the House irrespective of what party he belongs has the same expectations and safeguard of this rights from you and it is a parliamentary convention that the Speaker and the head of the Upper House are supposed to be non party men and in fact the

[Mr. Ahmedmian Soomro]

conventions are that in elections, even in general elections they are usually elected unopposed and not on any party's ticket. We had laid down conventions in this House of electing the Chairman unopposed but fortunately or unfortunately today we have in an election elected you by an overwhelming majority. So, Sir, I hope you would consider this suggestion of mine of feeling yourself a non party persons after having been elevated to the present office.

Here I would also through you request, in fact request you to see that the committee system of this House is able to function properly. Sir, this House had elected committees, this House is proud of having framed its own Rules of Procedure and Conduct of Business which were passed by this House and the new committees are doing an excellent job. But we need your assistance, we need offices in the building, you cannot expect the committees to function unless they have a base in this Parliament House, unless they have an office, unless they have the staff and unless they have the requisites which are necessary to make them function, therefore, I would Sir, appeal to you to kindly give your primary consideration and early consideration. In fact this has a priority to see that the committees are equipped properly and they are able to discharge thier duties for which they are meant. I again Sir, wish you all the best and hope you will have the full cooperation from this House and in return the House expects you to maintain its dignity and the rights and privileges of all the members. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Thank you, Mr. Bangulzai Sahib.

<u>میر حسین بخش بنگلزئی:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب چیئرمین! میں آپ کو چیئرمین سینیٹ آف پاکستان کے جلیل المرتبت عہدے کے لئے منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں، آپ کا یہ انتخاب یقیناً، ایوان کے آپ پر اعتماد کا بہترین اور واضح مظہر ہے اس ایوان نے اپنی مسلسل پارلیمانی کاوشوں کے ذریعے جمہوریت کی تاریخ میں زریں ابواب کا اضافہ کیا ہے۔ جمہوریت کو فروغ دیا ہے۔ ایوان بالا کے وقار کو بلند کیا ہے، اس ایوان نے اپنے ہر سیشن میں ملکی اور غیر ملکی مسائل کا گہری نظر سے جائزہ لیا ہے اور قوم کے بہترین مفاد میں اپنے مشورے دیئے ہیں۔ آپ کے پیش رو چیئرمین جناب غلام اسحاق خان کی بالغ نظری کا مسائل کے حل میں اور جمہوریت کے چراغ کو روشن اور تابندہ

رکھنے میں بڑا ہاتھ ہے۔ بلامبالغہ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے ان کی قیادت میں پارلیمانی جمہوریت کے بہت سے رازو رموز سیکھے ہیں۔ انہوں نے قائم مقام صدر کی حیثیت سے اس ملک کو جمہوریت کی راہ پر ڈالا ہے، ملک میں الیکشن کرائے ہیں، جن کی غیر جانبداری مسلّم ہے، خوشگوار فضا میں انتقال اقتدار ہوا، یہ ایوان بجا طور پہ یہ فخر کر سکتا ہے کہ قائم مقام صدر سینیٹ کے ہی چیئرمین تھے اور اس حوالے سے یہ کریڈٹ ایوان بالا کو جاتا ہے۔ آپ ایک تجربہ کار پارلیمنیٹیرین ہیں۔ آپ سے یہی توقع ہم رکھتے ہیں کہ آپ تمام روایات کی پاسداری فرمائیں گے، جو اس ہاؤس کا بہترین اثاثہ ہیں، اس وقت جونکہ ملک میں جمہوریت قائم ہوئی ہے، اس ملک کے پانچ اداروں نے جمہوریت کے قائم ہونے میں اپنا بہترین رول ادا کیا۔ ہے۔ پہلا ادارہ اس ملک کے صدر کا تھا، دوسرا ادارہ اس ملک کی فوج کا تھا، تیسرا ادارہ

اس ملک کی عدلیہ کا تھا

چوتھا ادارہ اور سب سے اہم ادارہ اس ملک کے عوام

کا تھا۔ اس ملک کے صدر نے اس ملک کی آرمڈ فورسز نے اس ملک کی عدلیہ نے اور اس ملک کے عوام نے ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لئے اپنا بہترین اور شائستہ کردار ادا کیا ہے۔ اب اس ملک کے اندر جمہوریت کو مزید فروغ دینے کی ذمہ داری صرف اور صرف ملک کے سیاسی لیڈر روں کی ہے۔ اس ملک کے تمام سیاسی لیڈر جو عوام کا مینڈیٹ لے کر اس پارلیمنٹ میں پہنچے ہیں یہ اب ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک کے اندر جمہوریت کو کس انداز میں فروغ دینا چاہیں گے۔

جناب والا! ایک بات میں آپ کی وساطت سے ان تمام اکابرین کی خدمت میں عرض کرنا پسند کروں گا کہ عوام کی نظریں تمام اسمبلیوں پر بالخصوص قومی اسمبلی اور پارلیمنٹ پر لگی ہوئی ہیں۔ آج ملک کے اندر سیاسی بالغ نظری آج ملک کے اندر سیاسی شعور آج ملک کے اندر جمہوریت کے ساتھ محبت اپنے عروج پر ہے۔ اگر اس ایوان کے

[Mir Hussain Bukhsh Bangulzai]

اندر اگر پارلیمنٹ کے اندر وہ تمام زعماد کرام کوئی بھی سیاسی غلطی کر جائیں گے تو اس سیاسی غلطی کی ذمہ داری صرف اور صرف ان پر آن پڑے گی اور پھر عوام اپنا یہ حق محفوظ رکھتے ہیں کہ اس سیاسی غلطی کے لئے ان رہبروں کا گریبان پکڑیں ۔ لہذا آج کا یہ دور ملک کی جمہوری تاریخ میں انتہائی نازک دور ہے ، ان ایوانوں کا یہ فرض منصبی ہے کہ وہ سیاسی فیصلے کرتے ہوئے اس بات کا اہتمام رکھیں اور اس بات پر کڑی نظر رکھیں کہ ان کے فیصلوں کے نتائج جمہور کے حق میں بھی جا سکتے ہیں اور جمہور کے خلاف بھی جا سکتے ہیں ۔ لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ انتہائی معتدل مزاجی کے ساتھ سیاست ملک کے اندر فروغ پائے ۔ جناب والا ! آپ آج جس جلیل القدر مرتبے پر منتخب ہوئے ہیں ہم اس کرسی سے صرف اور صرف غیر جانبداری کے خواستگار ہیں اور مجھے آپ کی گرامی قدر ذات سے یہ توقع ہے کہ آپ اس ہاؤس کے وقار کو بلند کرنے کے لئے اپنے فیصلوں میں غیر جانب دار رہیں گے اور آپ کا فیصلہ ہمیشہ اس ملک کے بہترین مفاد میں ہوگا ۔ جناب والا ! پارلیمنٹ کے ممبر کی حیثیت سے ہماری چاہت ہے کہ Supermacy of the Parliament established ہو اور اس کے لئے اس ایوان کے تمام ممبران کا تعاون آپ کے ساتھ ہوگا اور جب تک ملک کے اندر پارلیمنٹ کی Supermacy establish نہیں ہوگی ، اس کا احترام نہیں ہوگا اس وقت تک ، میں کھلے الفاظ میں یہ عرض کرنا پسند کروں گا ، جمہوریت قطعاً یہاں فروغ نہیں پائے گی ۔ جناب والا ! ہمارا اور آپ کا ایک بہترین فرض جس کی ہم نے اور آپ نے حلف برداری کی ہے ۔ آئین کا احترام کرنا ہے ہم نے اور آپ نے آئین کے لئے باہمی تعاون کے ساتھ آگے بڑھنا ہے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کو تہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اس بات کی خواہش رکھتا ہوں کہ آنے والے دنوں میں آپ کامیاب اور کامران رہیں ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین : مسٹر گیلانی ۔

Syed Iftikhar Hussain Gilani: Thank you Mr. Chairman. I congratulate you for having got elected to this very high office of this august House. Mr. Chairman, from this day onward within the precincts of this Hall you do not belong to any group or any individual as you belong to all of us. Mr. Chairman Sir, we the members of this Senate are confident that we alongwith you will strive together to strengthen the institutions of democracy because in the last decade unfortunately lot of mutilation has taken place. We hope that the day will come when the voice of the people will resound in these Halls with decency and decorum. But decorum does not mean a decorum of a 'Darbar hall' of our colonial past. When in democratic institution matters are discussed, debates are conducted, there is likelihood of exchange of warm words, there is likelihood of arguments but that does not mean that that is not a voice of people, the dignity and the prestige of these Halls will never be enhanced by these beautiful structures but by truth, honesty and decency within these Halls.

I am sure Sir, that all of us know the parliamentary traditions. We know how to conduct ourselves. We know what Constitution means and we hope to see a day when we have a Constitution which does not contain names of individuals, which does not contain high titles which has commitments, which contains high ideals for which this beautiful country of ours was created in 1947. We hope that certain members probably have an apprehension that the majority in one House does not have a majority in other House but through you Sir, we assure them we have to work together for the prosperity of this country, for the strengthening of these institutions for making this country of ours a land where our children are proud to live. Because Mr. Chairman Sir, the posterity or history never accepts explanations. An act or deed which require explanation is not good act and deed and we hope that we conduct ourselves in a manner for which we never have to give an explanation to the posterity or our children. Sir, I thank you very much and once again congratulate you for having been elected as Chairman.

جناب چیئرمین: شکریہ، ڈاکٹر نور جہان پانیزئی صاحبہ۔

ڈاکٹر نور جہان پانیزئی: جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں آپ کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ امید کرتی ہوں کہ جیسے جناب غلام اسحاق صاحب نے اس ہاؤس کا ایک وقار قائم کیا تھا۔ ان کا جو ایک غیر جانبدار رویہ تھا، آپ

[Dr. Noor Jahan Panezai]

اس کو برقرار رکھیں گے اور اس کے ساتھ ہی میں جناب قائم مقام چیئرمین جناب سید فضل آغا کو بھی خراج تحسین پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے اس بحران میں بڑی ہمت، جرأت اور غیر جانب دار روّیہ برقرار رکھ کر اس ہاؤس کو چلایا ہے اور آج اس کے بعد ہمیں یہ دن بھی دیکھنا نصیب ہوا کہ ہم آپ کو آج اس highest Chair پر دیکھ رہے ہیں، میں امید رکھتی ہوں کہ آپ اپنا یہ روّیہ برقرار رکھیں گے، آخر میں، میں پھر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اور مبارکباد دیتی ہوں۔

جناب چیئرمین : ڈاکٹر پانیزئی صاحبہ آپ کا شکریہ۔ مخدوم حمیدالدین صاحب۔

جناب مخدوم حمیدالدین : جناب چیئرمین صاحب! آج آپ منتخب ہو کر جس منصب پر فائز اور متمکن ہوئے ہیں، یہ اپنی اہمیت اور ذمہ داریوں کے حوالہ سے نہایت ارفع ہے۔ اور اپنے درجات کے حوالہ سے نہایت ہی اعلٰی ہے۔ مگر جناب والا! یہ تمام تر شرف و عزت جو اس وقت آپ کو حاصل ہے، جس سے آپ اس وقت سرفراز ہوئے ہیں، یہ اسی معزز ایوان کی رہین منت ہے اور یہ اسی ایوان سے مستعار ہے۔

جناب والا! یہ بات قابل فہم رہے کہ جب یہ مستعار ہے تو پھر یہ مشروط بھی ہے اور شرط یہ ہے کہ آپ اس ایوان کے وجود، اس کے استحقاق اور اس کی عظمت اور اس کے وقار کے امین رہیں گے۔ آزادئ اظہار کے حوالے سے اس معزز ایوان کا آزادانہ تشخص جو ہے اسے ہمیشہ سربلند رکھیں گے۔ جناب والا! یہ ایک ایسی شرط ہے جو آپ کو اس منصب پر مشروط کرتی ہے۔ ایک میثاق کے ذریعے سے، ایک معاہدہ کے ذریعہ سے آپ کی طرف سے ایک اعلان کے ذریعہ سے، پارلیمانی کنٹریکٹ کے ذریعہ سے کہ آپ ہر نوع اور بہر حال، بلا جبر و اکراہ، بالواسطہ طور پر اور بلاواسطہ طور پر کسی قسم کے خارجی اثر سے متاثر نہیں ہوں گے۔ اور اس ایوان کی کارروائی اور اسکی Proceedings کے حوالے سے آپ کی پیش رفت ہمیشہ مثبت رہے گی۔ اور اس کی نوعیت منصفانہ اور

غیر جانبدارانہ رہے گی۔

جناب والا! ایک حقیقت جو اس ایوان کو امتیاز بخشتی ہے ایک حقیقت جو اس ایوان کو دستور پاکستان میں اس کی کلی ترتیب اور اس کی سکیم کے حوالہ سے ممتاز مقام عطا کر رہی ہے وہ اس کا ناقابل تنسیخ وجود ہے کہ جو کسی بحرانی کیفیت کے دوران کسی crisis کی situation میں اس پورے ملک کے عوام کا نقیب بن جاتا ہے اس ملک کے عوام کے حقوق اور استحقاق کا پاسدار بن جاتا ہے۔ اس ملک کے عوام کے احساسات کا اور ان کی امنگوں کا امین بن جاتا ہے اور اس پر مستزاد یہ کہ سب سے بڑی اہمیت جو اسے حاصل ہے وہ یہ کہ یہ اس ملک کی آئینی اور دستوری زندگی کا ایک متعین نشان بن کر رہ جاتا ہے۔ جناب والا! جب اس کی اہمیت یہ ہے تو میں پھر آپ سے گزارش کروں گا کہ اس ایوان کی اہمیت کے حوالہ سے آپ کی جو ذمہ داریاں ہیں وہ قابل فہم ہیں۔

جناب والا! جہاں تک آپ کی ذات اور شخصیت کا تعلق ہے آپ کی ذاتی شرافت کا تعلق ہے وہ ہم پر واشگاف ہے اور اس کا میں معترف ہوں۔ جہاں تک قانون کے پیشہ کا تعلق ہے اس حوالہ سے جو آپ کو علمی تبحر حاصل ہے، اس کے پیش نظر میں آپ سے یہ توقع وابستہ کرتا ہوں کہ آپ کی کارروائی، آپ کا رویہ اور آپ کا conduct ہمیشہ مثبت رہے گا۔

جناب والا! یہ مختصر سے دو چار جملے جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کرنے یا عرض کرنے کی جسارت کی ہے، میں سمجھتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ میں بلا خوف تردید عرض کر سکتا ہوں کہ اگر آپ ان پر عمل پیرا رہے تو انشاءاللہ یقیناً اس معزز ایوان کی تاریخ میں ایک زریں باب رقم کریں گے، اس میں اضافہ کریں گے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس ایوان میں اس پورے ملک کے لئے جو اس طور سے خدمت انجام دیں گے وہ نہایت ہی اہم ہو گی اور ارفع ہو گی۔ میں آپ کو آخر میں اس منصب پر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے دلی ہدیۂ تبرک پیش کرتا ہوں اور مبارک دیتا ہوں، میں توقع رکھتا ہوں کہ

آپ اپنے اس منصب کے تقاضوں کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہیں کامیاب و کامران ہوں گے۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جناب حمیدالدین صاحب، آپ کا شکریہ، قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم، جناب چیئرمین ! اس وقت آپ ایک بہت بڑی قدر اور شخصیت کے مقام پر رونق افروز ہوئے ہیں۔ یہ ایوان اپنی کارکردگی کے لحاظ سے الحمدللہ ایک شاندار روایت رکھتا ہے جہاں یہ کریڈٹ ایوان کے اراکین کو جاتا ہے وہاں بجا طور پر اس ایوان کا چیئرمین، اس کریڈٹ کا زیادہ مستحق سمجھا جاتا ہے یہ ذمہ داری جن نازک حالات میں آپ کے ذمہ ڈالی گئی ہے، میری دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ آپ کو اس سے سرخرو کرے دین اور آخرت کی بھلائی کی کامیابی کا ذریعہ بنائے۔

یہاں پر بار بار یہ تذکرہ کیا گیا ہے کہ آپ جمہوریت کو فروغ دیں گے، میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ پاکستان کے دستور میں پاکستان کا نام صرف جمہوریہ پاکستان نہیں، بلکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ اس وقت کہا جا رہا ہے کہ جمہوریت پروان چڑھ رہی ہے لیکن میں گزارش کروں گا کہ اس کے ساتھ ساتھ ہماری بہت بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ یہاں پر اسلامی جمہوریت کو فروغ ہو، اور اسلام ہی وہ نظریہ ہے جس کی بنیاد پر ہم اس ملک کو قائم رکھ سکتے ہیں۔ اس بنیاد پر میں آپ سے یہ توقع رکھوں گا کہ آپ صرف جمہوریت کی نہیں، بلکہ اس ایوان کی رہنمائی کریں گے تاکہ یہ ملک صحیح معنی میں اسلامی جمہوریہ بن جائے۔

دوسری گزارش میری یہ ہے کہ جس طریقے سے آپ پر یہ اعتماد کیا گیا ہے۔ کہ ایوان کے اراکین اور ایوان کے گروپوں کے درمیان مساوات قائم کی جائے گی۔ میں آپ کی توجہ ایک دوسرے مسئلے کی طرف بھی دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ملک اور اس ایوان کے لئے دو زبانیں مقرر کی گئی ہیں انگریزی اور اردو، میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ اردو کے ساتھ وہ انصاف کریں گے کہ جو اس کا مقام ہے اور جو اس کو ملنا چاہیئے اور جو ۹۵٪

